PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

ہائی پرفارمنس کیمپ میں شرکت کے لیے12ایمرجنگ کرکٹرز این سی اے طلب

- 2 ہفتے تک جاری رہنے والے کیمپ میں کھلاڑیوں کی مہارت میں نکھار لایا جائے گا
- اس پروگرام سے این سی اے اسٹاف کو نوجوانوں کے کھیل میں بہتری پر کام کرنے کا موقع ملے گا، ڈائریکٹر اکیڈمیزپی سی بی مدثر نذر

لاہور،21اگست 2019ء:

ملک بھر سے ابھرتے ہوئے نوجوان کرکٹرز کے کھیل میں نکھار لانے کے لیے نیشنل کرکٹ اکیڈمی نے ایمرجنگ ہائی پرفارمنس کیمپ لگانے کا اعلان کیا ہے۔ ہائی پرفارمنس کیمپ 23 اگست سے لاہور میں شروع ہوگا۔

این سی اے ہائی پرفامنس کیمپ کا تیسرا اور آخری مرحلہ 2 ہفتے تک جاری رہے گا۔ کیمپ میں شرکت کے لیے 12 ایمرجنگ کرکٹرز 22 اگست کو نیشنل کرکٹ اکیڈمی لاہور میں رپورٹ کریں گے۔

2 ماہ جاری رہنے والے ہائی پرفارمنس کیمپ کے پہلے اور دوسرے فیز میں قومی انڈر 16 اور انڈر 19 کرکٹرز کو این سی اے میں تربیت دی جاچکی ہے۔

حیدرآباد سے تعلق رکھنے والے نوجوان فاسٹ بولر محمد حسنین کیریبئین پریمئیر لیگ سے معاہدے کے باعث کیمپ میں شرکت نہیں کریں گے۔

مدثر نذر، ڈائریکٹراکیڈمیز پی سی بی:

اس موقع پر پاکستان کرکٹ بورڈ کے ڈائریکٹراکیڈمیز پی سی بی مدثر نذر کا کہنا ہےکہ اس پروگرام سے نیشنل کرکٹ اکیڈمی کے اسٹاف کو نوجوانوں کے کھیل میں بہتری پر کام کرنے کا موقع ملے گا۔

ڈائریکٹر اکیڈمیز پی سی بی نے کہا کہ ایمرجنگ ہائی پرفارمنس کیمپ کا مقصد قومی اسکواڈ کے لیے کھلاڑیوں کا بیک اپ تیار کرنا ہے۔ بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے 12 نوجوان کرکٹرز کو 2 ہفتے پر مشتمل اس کیمپ میں شامل کیا گیا ہے۔

مدثر نذر نے کہا کہ کیمپ کے اختتام پر تمام کرکٹرز کے کھیل میں نکھار آنے کی امید ہے۔

کیمپ میں طلب کردہ کھلاڑیوں کے نام:

احسن جمیل مرزا (کراچی)
عاکف جاوید (کوہاٹ)
ارشد اقبال (ایبٹ آباد)
ارشداللہ (فاٹا)
فیصل اکرم (ملتان)
حارث رؤف (راولپنڈی)
محمد عامر حسین (سوات)
محمد اسد (ایبٹ آباد)
محمد جلال (فاٹا)
موسیٰ خان (اسلام آباد)
عمر خان (راولپنڈی)
زاہد محمود (لاڑکانہ)

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan. Its goal is to work in partnership with its stakeholders to promote, develop and grow the game throughout the country.

The PCB's purpose is to maintain and enhance the reputation and integrity of the game, fostering excellence and upholding the spirit of the game. The PCB selects junior and senior national men's and women's cricket teams to represent the country on the global stage, runs high performance cricket centres across the country and plans and organises domestic competitions and international bi-lateral series.

The PCB is committed to developing ground and facility infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

Commercial Partners

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealpcb

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4